DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 924

DATED 20-10-2026.

SUBJECT:- **PRESS CLIPPINGS.**

kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.

for (Director General)

The Press Secretary to
Chief Minister, Balochistan, Quetta.

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@ .com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

مورخہ 20.10.2026

نمبر شمار	اہم قومی ومقامی خبریں	اخبارات
01	دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، جعفر مندوخیل	جنگ ودیگر اخبارات
02	شہداء کی قربانیاں پاکستان کے امن استحکام اور سلامتی کی ضمانت ہیں، سرفراز بگٹی	جنگ ودیگر اخبارات
03	بلوچستان میں انارکی پھیلانے والوں کیخلاف گھیراؤ تنگ ہو چکا، مینا مجید بلوچ	جنگ ودیگر اخبارات
04	تاریخ میں پہلی مرتبہ بلوچستان ترقی وخوشحالی کی جانب گامزن ہے، فیصل جمالی	جنگ ودیگر اخبارات
05	پاکستان کو دہشتگردی کیخلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے، نوابزادہ زرین مگسی	مشرق ودیگر اخبارات
06	ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے اقدامات جاری ہیں، وڈیرہ میاں خان بگٹی	مشرق ودیگر اخبارات
07	صوبائی وزیر صحت کا نئے قائم کردہ ٹیلی ہیلتھ سینٹر کا دورہ	مشرق ودیگر اخبارات
08	چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود کا دورہ ایکسائز نمائشی اسٹال	جنگ ودیگر اخبارات
09	مسائل کا حل اور ریلیف کی فراہمی پہلی ترجیح ہے سردار کوہیار ڈومکی	جنگ ودیگر اخبارات
10	بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ارکان کا محکمہ سپورٹس میں بے ضابطگیوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ	جنگ ودیگر اخبارات
11	بلوچستان ہائیکورٹ معذور افراد کے حقوق، تعلیمی معاونت اور صحت کی سہولیات سے متعلق رپورٹ طلب	جنگ ودیگر اخبارات
12	مانگی ڈیم تحقیقاتی کمیشن، اصغر اچکزئی اور دیگر گواہوں کے بیانات قلمبند	جنگ ودیگر اخبارات
13	بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہین، بلال کاکڑ	جنگ ودیگر اخبارات
14	قلات ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کا آرٹی سی کا دورہ	جنگ ودیگر اخبارات
15	قائمہ کمیٹی کا بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 پر تفصیلی غور	جنگ ودیگر اخبارات
16	ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا یونیورسٹی ای کامرس وآئی ٹی لیب کا دورہ	جنگ ودیگر اخبارات
17	بی ٹیوٹا اور بی آر ایس پی میں اشتراک 25 ہزار نوجوانوں کو سالانہ فنی تربیت دی جائے گی	جنگ ودیگر اخبارات
18	گوادر پاک چین اشتراک سے شہزاد اینڈ شاؤ فارم کی بنیاد رکھی گئی	جنگ ودیگر اخبارات
19	جماعت اسلامی الخدمت فاؤنڈیشن خوشیاں بانٹ رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن	جنگ ودیگر اخبارات
20	منفی حربوں اور کردارکشی سے جدوجہد کمزور نہیں، ہوگی، بی این پی	جنگ ودیگر اخبارات
21	ولید صالح بلوچ کے قاتلوں کی عدم گرفتاری باعث تشویش، نیشنل پارٹی	جنگ ودیگر اخبارات

امن وامان:

قلات میں فورسز کی کارروائی چار دہشتگرد ہلاک، اسلحہ وگولہ بارود برآمد، گوادر میں آئی ای ڈی دھماکہ پاک فوج کا میجر شہید، زیارت ڈرون حملے میں چرواہا جاں بحق دو افراد زخمی، جھل مگسی تھانہ کوٹڑہ کی حدود سے گن پوائنٹ پر دو افراد اغواء، قلات کرنٹ لگنے سے کیسکو کا ملازم ہلاک، واشک سے دو نعشیں برآمد ،کوئٹہ نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، نوشکی شہر میں دو دھماکوں اور فائرنگ کی آوازیں، خاتون رہنماء کی زیرنگرانی بی وائی سی اور پھر کالعدم بی ایل اے کارکن بنا، جلال کے اعترافات۔

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

مورخہ 20.10.2026

عوامی مسائل:

نوکنڈی آوارہ کتوں کی بہتاست متعلقہ حکام کی خاموشی برقرار، خضدار محلہ نوابیں چوروں کا راج شہری دوہری اذیت کا شکار، خضدار ماڈل اسکول بنیادی سہولیات سے محروم طلبہ مشکلات کا شکار۔ کلی لوہڑ کاریز میں بنیادی سہولیات کا فقدان، عوام کا پانی وصفائی سے محروم۔

اداریہ:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے " **بلوچستان میں دہشت گردی کا چیلنج اور قومی یکجہتی کی ضرورت**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے جو قدرتی وسائل، معدنی ذخائر، جغرافیائی اہمیت اور معاشی امکانات کے اعتبار سے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے تاہم بدامنی، دہشت گردی اور عوام کے جان ومال کو لاحق خطرات صوبے کی ترقی کی راہ میں مسلسل رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ حالیہ دنوں میں کوئٹہ نوشکی اور خضدار میں سیکورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران آٹھ دہشت گردوں کی ہلاکت ایک اہم پیش رفت ہے دوسری جانب خضدار کے علاقے نال میں ماربل فیکٹری پر حملہ اور 18 مزدوروں کا اغواء اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورت حال اب بھی سنجیدہ توجہ کی متقاضی ہے پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 17 اکتوبر کو کوئٹہ کے علاقے پنج پائی میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک پر رکاوٹیں کھڑی کرنے کی کوشش ناکام بنائی گئی، کارروائی کے دوران پانچ دہشت گرد ہلاک ہوئے اور ان کا ٹھکانہ تباہ کردیا گیا۔ شدید فائرنگ کے تبادلے میں مزید دو دہشتگردوں کی ہلاکت کی اطلاع بھی دی گئی جبکہ اسلحہ بارود برآمد کیا گیا خضدار میں ایک الگ کارروائی کے دوران بھی ایک دہشت مارا گیا حکام نے ان عناصر کو بھارتی سرپرستی میں سرگرم تنظیم فتنہ الہندوستان سے وابستہ قرار دیا ہے ان دعوؤں کی آزادانہ تصدیق اپنی جگہ اہم ہے تاہم دہشت گردی کیخلاف موثر کارروائی اور شہریوں کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

اداریے:

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Skill development for youth" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

مضامین:

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے " **کوئٹہ شہر کا پھیلاؤ ناگزیر**" کے عنوان سے فرخ شہزاد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 20 OCT 2026 Page No.

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، جعفر مندوخیل

شہید میجر وجاہت وحید نے وطن عزیز کے دفاع کیلئے جان کا نذرانہ پیش کیا، گورنر

کوئٹہ (ل ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ژوب میں آئی ای ڈی دھماکے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید میجر وجاہت وحید نے وطن عزیز کے دفاع کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا قوم ان کی قربانی پر فخر کرتی ہے۔ گورنر نے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ اس کے مکمل خاتمے تک جاری رہے گی۔ گورنر نے سوگوار خاندان سے ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ شہید کے جنت میں بلند درجات اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

MASHRIQ QUETTA

قوم کو میجر وجاہت وحید کی قربانی پر فخر ہے، گورنر

شہید نے وطن عزیز کے دفاع کیلئے جان کا نذرانہ پیش کیا، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (ل ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ژوب میں آئی ای ڈی دھماکے میں شہید ہونے والے میجر وجاہت وحید کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں گورنر مندوخیل نے کہا کہ شہید میجر وجاہت وحید نے وطن عزیز کے دفاع کیلئے اپنی جان کا .... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

نذرانہ پیش کیا۔ قوم ان کی قربانی پر فخر کرتی ہے۔ گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ اس کے مکمل خاتمے تک جاری رہیگی۔ گورنر جعفر خان نے سوگوار خاندان سے ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو ہمت اور صبر جمیل عطا کرے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
قیمت 40 روپے
جلد 55 منگل 8 رجمادی الاوّل 1448ھ 20 راکتوبر 2026ء نمبر 287

شہداء کی قربانیاں آج پاکستان کے امن، استحکام اور سلامتی کی ضمانت ہیں

سرفراز بگٹی

میجر وجاہت وحید نے وطن عزیز کے دفاع میں جان کا نذرانہ پیش کیا قوم کو اپنے بہادر سپوت پر فخر ہے، وزیراعلیٰ کا لواحقین سے اظہار ہمدردی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے قلات اور گوادر میں خوارج کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قلات اور گوادر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم چار دہشت گردوں کی ہلاکت سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہے۔ وزیراعلیٰ نے پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے کے دوران شہید ہونے والے میجر وجاہت وحید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ میجر وجاہت وحید نے وطن عزیز کے دفاع میں جان کا نذرانہ پیش کیا قوم کو اپنے بہادر سپوت پر فخر ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں قابل تحسین ہیں۔ شہداء کی قربانیاں پاکستان کے امن، استحکام اور سلامتی کی ضمانت ہیں، جبکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے عزم استحکام کے تحت غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی اور بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لئے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

نئے صوبے نسلی نہیں، انتظامی بنیادوں پر بنائے جائیں، وزیراعلیٰ بگٹی

شاہد خاقان، اسد عمر اور دانیال عزیز کا اختیارات نچلی سطح پر منتقل کرنے، بلدیاتی نظام مضبوط بنانے پر زور

اسلام آباد (عاطف شیرازی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نئے صوبے نسلی نہیں، انتظامی بنیادوں پر بنائے جائیں، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی، سابق وفاقی وزیر اسد عمر اور سابق وفاقی وزیر دانیال عزیز نے ملک میں مؤثر طرز حکمرانی، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور انتظامی مسائل کے حل کے لیے بلدیاتی نظام مضبوط بنانے اور اختیارات نچلی سطح پر منتقل کرنے پر زور دیا ہے۔ صنوبر انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد کے زیر اہتمام "نئے صوبے اور طرز حکمرانی" کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ ملک میں نسلی بنیادوں پر صوبے بنائے گئے تو تباہی آئے گی، نئے صوبے بنانے ہیں تو محض انتظامی بنیادوں پر تشکیل دیے جائیں۔ سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ محض چھوٹے صوبے بنا دینا مسائل کا حل نہیں، اس کے لیے ڈویژن کی سطح پر مضبوط اور فعال انتظامی نظام قائم کرنا ہوگا۔ سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے آئین کے آرٹیکل 140-A پر مکمل درآمد اور مقامی حکومتوں کے انتخابات باقاعدگی سے کرانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وزرائے اعلیٰ کو منتخب بلدیاتی حکومتیں وقت سے پہلے تحلیل کرنے کا اختیار نہیں ہونا چاہیے تاکہ مقامی نمائندے بلاخوف عوام کی خدمت کر سکیں۔ سابق وفاقی وزیر دانیال عزیز نے کہا کہ مقامی حکومتوں کو مالی، انتظامی اور سیاسی اختیارات کی منتقلی شفافیت اور احتساب کے لیے ناگزیر ہے۔ آئین کے آرٹیکل 140-A کے تحت صوبائی حکومتیں مقامی حکومتوں کے قیام اور منتخب نمائندوں کو اختیارات منتقل کرنے کی پابند ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 306 | منگل 8 جمادی الاول، 20 اکتوبر 2026ء، صفحات 6 قیمت 40 روپے

وزیر اعلیٰ: خواتین کی صحت کا تحفظ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری

بریسٹ کینسر سے متعلق خوف، غلط فہمیوں کیلیے موثر آگاہی مہمات چلانا ضروری ہیں

خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنی صحت کو ترجیح دیں، بریسٹ کینسر کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بریسٹ کینسر سے آگاہی کے ماہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بریسٹ کینسر کیخلاف موثر جدوجہد کے لیے عوامی آگاہی (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

بروقت تشخیص اور علاج کی سہولیات تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی صحت کا تحفظ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے جس کے لیے موثر آگاہی مہمات اور طبی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص سے علاج کے امکانات بہتر ہو سکتے ہیں، اس لیے خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنی صحت کو ترجیح دیں اور جسم میں کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کی صورت میں مستند معالج سے فوری طبی مشورہ حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ بریسٹ کینسر سے متعلق خوف، غلط فہمیوں اور سماجی جھجک کو ختم کرنے کے لیے موثر آگاہی مہمات چلانا ضروری ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس امر پر بھی زور دیا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں رہنے والی خواتین تک بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی، اسکریننگ اور علاج کی سہولیات کی رسائی بہتر بنائی جائے تاکہ تمام خواتین کو بروقت تشخیص اور علاج کے یکساں مواقع میسر آ سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بریسٹ کینسر سے متاثرہ خواتین کو خوف اور تنہائی کا شکار ہونے کے بجائے حوصلہ، ہمدردی اور بھرپور سماجی تعاون فراہم کیا جانا چاہیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTO… GENERAL O… RELATIONS BA…

نظامت اعلیٰ … حکومت …

Bullet No. 1

Page No. 5

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

شمارہ 287 — منگل 20 ۔ اکتوبر 2026ء بمطابق 08 جمادی الاول 1448ھ — قیمت 20 روپے — جلد 30

بلوچستان اسمبلی میں بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں پر گرما گرم بحث

سرکاری ملازمتیں فروخت کرنے کی اجازت نہیں دینگے، وزیراعلیٰ

ہارکمان قتل واقعے کا مقدمہ درج کرنے کی ہدایت، ایبی سے 14 سالہ ہندو لڑکی کے مبینہ اغوا اور جبری مذہب تبدیلی کا معاملہ بھی اسمبلی میں اٹھایا گیا، وزیر داخلہ کا سندھ حکومت سے رابطے کا اعلان

پاک ایران سرحدی گزرگاہیں کھولنے کا مطالبہ، عبدالمجید بادینی نے نصیر آباد کے علاقے کیٹل فارم میں تقریباً 50 سال سے آباد لوگوں سے زمین چھینے جانے کا معاملہ اٹھا دیا، اراکین کا اظہار خیال

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں محکمہ کھیل میں بھرتیوں کے دوران مبینہ بے ضابطگیوں اور پیسے لینے کے الزامات پر حکومتی و اپوزیشن اراکین کے درمیان گرما گرم بحث ہوئی، اسپیکر عبدالخالق اچکزئی نے ہارکمان میں زمیندار کے بیٹے کے قتل کا مقدمہ درج کرانے اور ایبی سے مبینہ طور پر اغوا ہونے والی 14 سالہ ہندو لڑکی کی بازیابی کے معاملے پر متعلقہ حکام کو اقدامات کی ہدایت کردی۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس کے دوران گوادر میں دھماکے میں شہید ہونے والے … [illegible]

[illegible]

خواتین کی صحت کا تحفظ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، وزیراعلیٰ

بریسٹ کینسر کے خلاف جنگ میں آگاہی اور بروقت تشخیص بنیادی اہمیت رکھتی ہے، بروقت طبی معائنہ اور مناسب علاج کو یقینی بنایا جائے

بریسٹ کینسر سے متاثرہ خواتین کو خوف اور تنہائی کا شکار ہونے کے بجائے حوصلہ، ہمدردی اور بھرپور سماجی تعاون فراہم کیا جانا چاہیے، پیغام

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی میڈیا نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بریسٹ کینسر سے آگاہی کے ماہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بریسٹ کینسر کے خلاف موثر جدوجہد کے لیے عوامی آگاہی، بروقت تشخیص اور علاج کی سہولیات تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی صحت کا تحفظ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، جس کے لیے موثر آگاہی مہمات اور طبی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص سے علاج کے امکانات بہتر ہو سکتے ہیں، اس لیے خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنی صحت کو ترجیح دیں اور جسم میں کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کی صورت میں مستند معالج سے فوری طبی مشورہ حاصل کریں۔ انہوں نے زور دیا کہ بیماری کی علامات کو نظر انداز کرنے کے بجائے بروقت طبی معائنے اور مناسب علاج کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بریسٹ کینسر سے متعلق خوف، غلط فہمیوں اور سماجی جھجک کو ختم کرنے کے لیے موثر آگاہی مہمات چلانا ضروری ہے

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔27 | منگل 20 اکتوبر 2026ء بمطابق 08 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔285

بریسٹ کینسر کیخلاف جنگ میں آگاہی اہم ہے، وزیراعلیٰ

خواتین کی صحت کا تحفظ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بریسٹ کینسر سے آگاہی کے ماہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بریسٹ کینسر کے خلاف مؤثر جدوجہد (بقیہ نمبر16 صفحہ نمبر2 پر)

کے لیے عوامی آگاہی، بروقت تشخیص اور علاج کی سہولیات تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی صحت کا تحفظ حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، جس کے لیے مؤثر آگاہی مہمات اور طبی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص سے علاج کے امکانات بہتر ہو سکتے ہیں، اس لیے خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنی صحت کو ترجیح دیں اور جسم میں کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کی صورت میں مستند معالج سے فوری طبی مشورہ حاصل کریں۔ انہوں نے زور دیا کہ بیماری کی علامات کو نظرانداز کرنے کے بجائے بروقت طبی معائنے اور مناسب علاج کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بریسٹ کینسر سے متعلق خوف، غلط فہمیوں اور سماجی جھجک کو ختم کرنے کے لیے مؤثر آگاہی مہمات چلانا ضروری ہے تاکہ خواتین بلاخوف اپنی صحت کے مسائل پر بات کر سکیں اور بروقت طبی سہولیات سے فائدہ اٹھا سکیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس امر پر بھی زور دیا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں رہنے والی خواتین تک بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی، اسکریننگ اور علاج کی سہولیات کی رسائی بہتر بنائی جائے تاکہ تمام خواتین کو بروقت تشخیص اور علاج کے یکساں مواقع میسر آ سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بریسٹ کینسر سے متاثرہ خواتین کو خوف اور تنہائی کا شکار ہونے کے بجائے حوصلہ، ہمدردی اور بھرپور سماجی تعاون فراہم کیا جانا چاہیے۔ اس سلسلے میں خاندانوں، طبی ماہرین، تعلیمی اداروں اور سول سوسائٹی کو اپنا مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آگاہی، بروقت تشخیص اور علاج تک رسائی خواتین کے لیے امید اور بہتر مستقبل کی بنیاد ہیں۔ حکومت بلوچستان خواتین کی صحت کے تحفظ اور بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت کو تسلیم کرتی ہے۔

CamScanner

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 22 | منگل 20 جنوری 2026، 08 [illegible] 1447ھ | شمارہ [illegible]

کسی کو سرکاری ملازمتیں فروخت کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی

نوکریوں کی فروخت کے ثبوت پیش کریں، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہوگی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (نیوز ایجنسیز) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اسمبلی (بقیہ 12 صفحہ 6 پر)

اجلاس کے موقع پر کہا ہے کہ کسی کو سرکاری ملازمتیں فروخت کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور بھرتیوں کے معاملے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگر کسی کے پاس سرکاری ملازمتوں کی فروخت سے متعلق ٹھوس شواہد موجود ہیں تو وہ پیش کرے، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ سرکاری محکموں میں بھرتیوں کے عمل میں [illegible] سے [illegible] جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملازمتوں کے معاملے میں شفافیت کو یقینی [illegible] بنائے اور [illegible] کا تحفظ [illegible] ضروری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 20 OCT 2026 Page No. 8

تاریخ میں پہلی مرتبہ بلوچستان ترقی و خوشحالی کی جانب گامزن ہے، فیصل جمالی

ہم شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید رانی کے پیروکار ہیں، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر لائیوسٹاک

صوبے میں مفاد پرست ٹولہ آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے دہشتگردی کی سرگرمیوں کو فروغ دے رہا ہے، مشرق سے بات چیت

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف اوچ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ ہم شہید ذوالفقار علی بھٹو شہید رانی محترمہ بے نظیر بھٹو کے پیروکار ہیں عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے حلقہ انتخاب اوستہ محمد کی ترقی و خوشحالی کیلئے ماسٹر پلان ناگزیر ہے ماسٹر پلان کی منظوری کے لئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جلد احکامات جاری کریں گے بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار بلوچستان ترقی و خوشحالی کی جانب گامزن ہے حکومت بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی جب بھی برسر اقتدار آئی ہے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائی ہے ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی مخلوط عوامی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں خوشحال عوام ترقی یافتہ بلوچستان کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے جس سے عوام مستفید ہو رہے ہیں اور .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ترقی کی منزلیں طے کر رہی ہے لیکن افسوس کے تحت کہنا پڑتا ہے مفاد پرست ٹولے کو بلوچستان کی ترقی ہضم نہیں ہو رہی جس کی وجہ سے بلوچستان میں منصوبے کے تحت سازش کی جا رہی ہے اور اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے دہشت گردی کی سرگرمیوں کو فروغ دے رہے ہیں لیکن ریاست اور ریاستی ادارے ان کے تمام منصوبوں کو عوامی طاقت سے خاک میں ملا دیں گے صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے ایک سوال پر کہا کہ اوستہ محمد کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے ماسٹر پلان ناگزیر ہو چکا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان جلد عوامی مفادات کے پیش نظر ماسٹر پلان پر عملدرآمد کریں گے اور اوستہ محمد جلد ترقی کی منزلیں طے کرے گی انہوں نے کہا کہ عوام سے کئے گئے تمام وعدوں پر عمل درآمد ہوگا۔

پاکستان کو دہشتگردی کیخلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے، نوابزادہ زرین مگسی

مولانا فضل الرحمان پاک فوج کے خلاف اشتعال انگیز بیانات سے گریز کریں

عوام اشتعال انگیز پروپیگنڈوں پر کان نہ دھریں، پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون، سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ پاکستان کو دہشت گردی کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے، ایسے نازک وقت میں مولانا فضل الرحمان کو چاہئے کہ وہ پاک فوج کے خلاف اشتعال انگیز بیانات سے گریز کریں خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت کو انسداد دہشت گردی کی پالیسی پر اختلافات کا سامنا رہا، تاہم سیاسی اختلافات کو قومی سلامتی پر اثرانداز نہیں ہونا چاہئے انہوں ... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ پاک فوج ملک میں امن و استحکام کے لئے بے شمار قربانیاں دے رہی ہے، جن کا احترام ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے۔ قومی سلامتی جیسے حساس معاملات پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کی بجائے اتحاد، یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرز عمل کا مظاہرہ کیا جانا چاہئے۔ نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی نے مزید کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے۔ لیکن قومی مفاد اور ملکی سلامتی کے معاملات پر تمام سیاسی قوتوں کو ذمہ داری کا احساس کرنا چاہئے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ افواہوں اور اشتعال انگیز پروپیگنڈے پر کان نہ دھریں اور امن وامان کے قیام میں ریاستی اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔

بلوچستان میں انارکی پھیلانے والوں کیخلاف گھیرا تنگ ہو چکا، مینا مجید بلوچ

افواج پاکستان دشمن کو ہر محاذ پر دندان شکن جواب دے رہی ہیں

میجر وجاہت شہید نے جان کا نذرانہ پیش کر کے عظیم مثال قائم کی، صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے قلات اور گوادر میں سیکورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز کو سراہتے ہوئے چار بین الاقوامی اسپانسرڈ خوارج کی ہلاکت پر فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے دشمنوں اور غیر ملکی آقاؤں کی شہ پر انارکی پھیلانے والوں کا گھیرا تنگ ہو چکا ہے اور ہماری افواج دشمن کو ہر محاذ پر دندان شکن جواب دے رہی ہیں صوبائی مشیر .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

محترمہ مینا مجید بلوچ نے شادی کور میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ میجر وجاہت شہید نے پاک دھرتی کے تحفظ اور ہمارے امن و سکون کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے عظیم مثال قائم کی ہے، صوبائی مشیر محترمہ مینا مجید بلوچ نے شہید کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہداء کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا اور عزم استحکام کے تحت بلوچستان کو دہشت گردی سے پاک کرنے تک سیکیورٹی فورسز اور عوام کا مشترکہ عزم اور جدوجہد بلاتاخیر جاری رہے گی۔

INTEKHAB QUETTA

ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے اقدامات جاری ہیں، وڈیرہ میاں خان بگٹی

بگٹی قبائل محب وطن، ملک کی ترقی و خوشحالی اور دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ وقت کی ضرورت ہے، گفتگو

سبی (آئی این پی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف کی قائدانہ صلاحیتیں بلوچستان سمیت پاکستان کو ہر مشکل سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، ملک وقوم کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کی طرف واپس لانے میں اتحادیوں کے ساتھ مل کر دن رات کوششیں کی جا رہی ہیں۔ محب وطن بگٹی قبائل ملک وقوم کی ترقی و خوشحالی میں بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر

برابر شامل ہے، دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ وقت کی اشد ضرورت ہے ہم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر ملک وقوم کی حفاظت کو یقینی بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر میر احمد مسوری بگٹی جنرل سیکرٹری خان [illegible] بگٹی سمیت کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا کہ وزیراعظم میاں شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت ملک کو مشکل حالات سے نکالنے کے لئے دن رات بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محب وطن بگٹی قبائل فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر سمیت افواج پاکستان کی کارکردگی پر فخر کرتے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 20 OCT 2026

Page No. 9

چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود کا دورہ ایکسائز نمائشی اسٹال

آن لائن ٹیکس نظام، گاڑیوں کی رجسٹریشن اور منشیات کی روک تھام سے متعلق بریفنگ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد نے مقامی مال کے دورے کے دوران محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے نمائشی اسٹال کا دورہ کیا جہاں محکمے کے افسران نے انہیں عوامی سہولیات، آن لائن ٹیکس نظام، منشیات کی روک تھام اور گاڑیوں کے کاغذات و دستاویزات سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ایکسائز افسران نے آن لائن ٹیکس ادائیگی کے طریقہ کار اور جدید ڈیجیٹل سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا۔ بریفنگ میں گاڑیوں کی رجسٹریشن، ملکیت کی تصدیق، ضروری دستاویزات اور متعلقہ قانونی تقاضوں سے متعلق معلومات بھی فراہم کی گئیں۔ افسران نے منشیات کی روک تھام کے لیے محکمہ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات اور اس سلسلے میں آگاہی و موثر نگرانی کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ دورے کے دوران معزز مہمانوں کو محکمہ کی خدمات اور عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔

مسائل کا حل اور ریلیف کی فراہمی پہلی ترجیح ہے، سردار کوہیار ڈومکی

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں گورننس کی بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں' گفتگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور حکومتِ بلوچستان عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے پُرعزم ہیں انہوں نے سول سیکرٹریٹ میں مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اور سائلین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوامی خدمت، مسائل کے موثر ازالے اور گورننس میں بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

صوبائی وزیر صحت کا نئے قائم کردہ ٹیلی ہیلتھ زوسینٹر کا دورہ

ٹیلی ہیلتھ کا نظام ان علاقوں کیلئے اہمیت رکھتا ہے، ماہر ڈاکٹروں تک رسائی محدود ہے، بخت کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے نئے قائم کردہ ٹیلی ہیلتھ زوسینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہیں سینٹر کے طریقہ کار، آن لائن طبی مشاورت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ایم بی ربجہ دریجو اور یونیسف بلوچستان کی چیف آف فیلڈ آفس عسیفہ فتسن (Fitson Assefa) بھی موجود تھیں دورے کے دوران ایم بی ربجہ دریجو نے صوبائی وزیر صحت کو ٹیلی ہیلتھ زوسینٹر کی فعالیت، آن لائن طبی خدمات کی فراہمی اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مریضوں کو طبی ماہرین سے منسلک کرنے کے طریقہ کار سے آگاہ کی اٹیلی ہیلتھ زوسینٹر کے قیام کا بنیادی مقصد بلوچستان کے دور دراز، پسماندہ اور دشوار گزار علاقوں میں رہنے والے عوام کو آن لائن طبی مشاورت اور علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا ہے، تاکہ بڑے شہروں اور ہسپتالوں تک رسائی میں مشکلات کا سامنا کرنے والے مریض بھی ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے طبی ماہرین سے رہنمائی حاصل کرسکیں اس اقدام کے تحت جدید ڈیجیٹل سہولیات سے استفادہ کرتے ہوئے دور دراز علاقوں میں صحت کی خدمات کی رسائی بہتر بنانے اور مریضوں کو بروقت طبی مشاورت فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ ٹیلی ہیلتھ کا نظام بالخصوص ان علاقوں کیلئے اہمیت رکھتا ہے جہاں طبی مراکز اور ماہر ڈاکٹروں تک رسائی محدود ہے ٹیلی ہیلتھ زوسینٹر کا قیام بلوچستان میں صحت کے شعبے میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے اور عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں درپیش مشکلات کم کرنے کی جانب ایک اہم اقدام ہے۔ اس سے دور دراز علاقوں کے مریضوں کو طبی رہنمائی کی فراہمی بہتر بنانے اور صحت کی خدمات تک رسائی میں معاونت ملنے کی توقع ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 OCT 2026

Page No. 10

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ارکان کا محکمہ اسپورٹس میں بے ضابطگیوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

محکمہ کھیل میں بھرتیوں میں بے ضابطگیوں کا الزام غلط، کسی کے پاس ثبوت ہیں تو ایوان میں لے آئیں، صوبائی مشیر کھیل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں حکومتی اور اپوزیشن ارکان کا محکمہ اسپورٹس میں ملازمتوں میں بے ضابطگیوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ، جب ہم ملازمتوں کے حوالے کرتے ہیں تو کہیں ڈویژنل اور کہیں ضلعی کوٹہ کا بتایا جاتا ہے اب تک جتنی بھی تقرریاں کی گئی ہیں ان میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا گیا ہے، صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی، محکمہ کھیل میں بھرتیوں میں بے ضابطگیوں کا الزام غلط ہے، اگر کسی کے پاس ثبوت ہیں تو وہ ایوان میں لے آئیں، صوبائی مشیر کھیل مینا مجید کا اظہار خیال، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس پیر کو 25 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں پیپلز پارٹی کے رکن پارلیمانی سیکرٹری اسفند یار کاکڑ نے نکتہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے قائد ایوان میر سرفراز بگٹی ہمیشہ کہتے ہیں کہ نوکریاں بکنے نہیں دیں گے لیکن مجھے محکمہ کھیل میں ہونے والی تعیناتیوں پر اعتراض ہے، میرے ضلع میں محکمہ کھیل میں باہر کے لوگوں کو نوکریاں دی گئی ہیں جن میں ایسے لوگ ہیں جن کے حوالے سے ہمیں علم ہی نہیں کہ وہ کہاں سے آئے ہیں اس قسم کی بے ضابطگیاں نہیں ہونے دیں گے، انہوں نے مطالبہ کیا ضلع پشین میں محکمہ کھیل میں بھرتیوں میں بے قاعدگیاں کا نوٹس لیا جائے اور اس وقت تک تقرریاں روک کر تحقیقات کی جائیں۔ جمعیت علما اسلام کے رکن اصغر علی ترین نے کہا کہ محکموں میں بھرتیاں کمیٹیوں کے ذریعے کی جاتی ہیں اور وہ ملازمتوں میں اپنا حصہ مانگتے ہیں اور ایم پی اے بدنام ہوتے ہیں، کوئی مانے یا نہ مانے پیسے لے کر بھرتیاں کی جارہی ہیں، میرے حلقے میں کلاس فور کے ملازمین بھی باہر کے اضلاع سے تعینات کیے گئے ہیں۔ جب ہم اس پر بات کرتے ہیں تو کہیں ڈویژنل اور کہیں ضلعی کوٹہ کا بتایا جاتا ہے۔ صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا کہ ہمارے معزز اراکین نے جو الزامات لگائے ہیں وہ درست نہیں، سب سے زیادہ بھرتیاں محکمہ تعلیم اور صحت میں ہوئیں، تعلیم اور صحت میں ہونے والی بھرتیوں میں کوئی شکایات نہیں ملی۔ ملازمتوں میں بھرتیوں کا ایک طریقہ کار طے ہے اور جہاں بھی کوئی شکایت ملی اس پر کارروائی کی گئی ہے اور اب تک جتنی بھی تقرریاں کی گئی ہیں ان میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا گیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 OCT 2026 Page No. 11

بلوچستان ہائیکورٹ: معذور افراد کے حقوق، تعلیمی معاونت اور صحت کی سہولیات سے متعلق رپورٹ طلب

معذور افراد ایکٹ 2007 کی دفعات کو مدنظر رکھتے ہوئے قابل عمل تجاویز پیش کی جائیں، عدالت عالیہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس محمد کامران خان ملا خیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل بنچ نے معذور افراد کے حقوق کے تحفظ، مالی و تعلیمی معاونت، صحت کی سہولیات، ملازمتوں میں معذوری کوٹے اور دیگر قانونی مراعات پر عملدرآمد کے لیے متعلقہ حکام سے جامع رپورٹ طلب کرلی ہے۔ عدالت نے بلوچستان پرسنز ودھ ڈس ایبلٹیز سپورٹ فنڈ (ایکٹ) کی پالیسی اور فنڈز کی تقسیم کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ معذور افراد ایکٹ 2007 کی دفعات کو مدنظر رکھتے ہوئے قابل عمل تجاویز پیش کی جائیں۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے دو رکنی بنچ نے یہ احکامات آئینی درخواست کی سماعت کے دوران دیئے۔ عدالت نے حکم دیا کہ درخواست گزاروں کے وکلاء دو ہفتوں کے اندر اپنی جامع تجاویز ایڈووکیٹ جنرل اور ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے دفاتر کے ذریعے پیش کریں، جس کے بعد متعلقہ حکام ان تجاویز کی روشنی میں نظرثانی شدہ رپورٹ عدالت میں جمع کرائیں۔ سماعت کے دوران لک پروگرام کے پروگرام ڈائریکٹر کی جانب سے پیش کردہ رپورٹ میں بتایا گیا کہ لک پالیسی 2025ء کے تحت معذور افراد کو تعلیمی معاونت، کاروبار کے لیے مالی مدد، فنی و پیشہ ورانہ تربیت، بحالی کی سہولیات اور معاون آلات کی فراہمی سمیت مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ پروگرام کے تحت اب تک تقریباً 34 ہزار معذور افراد رجسٹرڈ ہو چکے ہیں، جبکہ فنڈ کا ابتدائی سرمایہ تین ارب روپے ہے اور متوقع سالانہ آمدن تقریباً 27 ملین روپے بتائی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق لک کونسل پروگرام کی نگرانی اور انتظامی امور کے لئے قائم کی گئی ہے جس کے چیئرپرسن صوبائی وزیر برائے سماجی بہبود ہیں اور کونسل میں زیادہ سے زیادہ آٹھ ارکان شامل ہیں۔ پروگرام کے تحت 18 سال سے کم عمر معذور افراد کو ماہانہ چھ ہزار روپے جبکہ 18 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کو آٹھ ہزار روپے مالی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔ رپورٹ میں فنڈز کی تقسیم کی تفصیلات دیتے ہوئے بتایا گیا کہ 38 فیصد رقم باقاعدہ ماہانہ مالی معاونت، 7 فیصد تعلیمی وظائف، 25 فیصد معاون آلات، 5 فیصد فنی و پیشہ ورانہ تربیت اور 20 فیصد بلا سود روزگار قرضوں کے لیے مختص ہیں۔ معاون آلات میں الیکٹرک وہیل چیئرز، ٹرائی موٹر سائیکلیں، اسکوٹیز، واکرز، بیساکھیاں، سماعت کے آلات، مصنوعی اعضا اور سفید چھڑی سمیت دیگر ضروری سہولیات شامل ہیں۔ درخواست گزاروں کی جانب سے پیش ہونے والی وکلاء ام فروا ایڈووکیٹ اور متعلقہ آئینی درخواست نمبر 2025/1647 کے درخواست گزار کے وکیل محمد اکرم شاہ ایڈووکیٹ نے رپورٹ پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی معاونت کے لیے صرف سات فیصد رقم مختص کرنا ناکافی ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ رپورٹ میں صحت کی سہولیات، نجی ہسپتالوں میں معذور افراد کے لیے 50 فیصد رعایت اور قانون کے تحت فراہم کردہ دیگر حقوق، مراعات کا مناسب احاطہ نہیں کیا گیا۔

مارگی ڈیم تحقیقاتی کمیشن، اصغر اچکزئی اور دیگر گواہوں کے بیانات قلمبند

اپنے بیان میں حکومت اور زیارت شہداء کے لواحقین کے درمیان تحریری معاہدے کی متعدد شقوں پر عمل درآمد نہ ہونے کی شکایت

کمیشن نے ایڈیشنل اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل سے اصغر اچکزئی کے اٹھائے گئے نکات پر جامع رپورٹ طلب کرلی

کوئٹہ (پ ر) مارگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت میں پیش آنے والے دہشت گردی کے حملے کی تحقیقات کے لیے قائم کردہ تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا نے گزشتہ روز کھلی عدالت میں تحقیقاتی کمیشن کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے سماعت کی۔ سماعت کے دوران متعدد گواہوں کے بیانات قلمبند کیے گئے، جن میں سیاسی رہنما اصغر خان اچکزئی بھی شامل تھے۔ انہوں نے اپنے بیان کے دوران حکومت اور زیارت شہداء کے لواحقین کے درمیان کیے جانے والے تحریری معاہدے کی متعدد شقوں پر عملدرآمد نہ ہونے اور حکومت کی جانب سے غیر سنجیدہ رویہ اختیار کرنے کی شکایت کی۔ انہوں نے کمیشن کے روبرو دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے سیاسی، حکومتی اور عسکری قیادت سے مکمل توثیق شدہ قومی ایکشن پلان کی کاپیاں بھی پیش کیں، جس کے مطابق دہشت گردوں، غیر قانونی مسلح جتھوں، کالعدم تنظیموں اور عسکریت پسند گروہوں کے خلاف سیکیورٹی کارروائیاں کرنے، ان عناصر کے مالی وسائل پیدا کرنے والے نیٹ ورکس اور سہولت کاری کے مراکز، بشمول خفیہ ٹھکانوں، کے خلاف اقدامات کا جامع منصوبہ موجود ہے۔ گواہ کے مطابق، اگر حکومت صوبہ بلوچستان میں دہشت گردی کی موجودہ سنگین لہر پر قابو پانے اور مزید جانی نقصان سے بچنے کے لیے سنجیدہ ہے تو نیشنل ایکشن پلان پر اس کی اصل روح کے مطابق من و عن عمل درآمد کرے۔ اس موقع پر تحقیقاتی کمیشن نے ایڈیشنل اٹارنی جنرل برائے بلوچستان اور ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان کو ہدایت جاری کی کہ وہ حکومت کی جانب سے اصغر خان اچکزئی کے اٹھائے گئے نکات کے بارے میں الگ الگ جامع رپورٹ اگلی سماعت پر پیش کریں۔ سماعت کے دوران ڈائریکٹر ویب اینالیسس ڈویژن (WAD)، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے کمیشن کے روبرو پیش ہو کر سوشل میڈیا پر سامنے آنے والے متعلقہ جھوٹے، سنسنی خیز اور نفرت آمیز مواد کے خلاف کیے گئے اقدامات کے بارے میں رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے تحقیقاتی کمیشن کی ہدایت کی روشنی میں وفاقی حکومت کی جانب سے متعلقہ دائرہ کار سے وابستہ سوشل میڈیا پروٹیکشن اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (SMPRA) کے قیام کا نوٹیفکیشن بھی پیش کیا، جس کے تحت اتھارٹی کے چیئرپرسن اور چھ ارکان کا تقرر کر دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں، شہید پولیس اہلکار جہانداد خان کے سول ہسپتال کوئٹہ میں موبائل فون اور دیگر سامان چوری ہونے کے معاملے میں متعلقہ تفتیشی افسر بھی کمیشن کے روبرو پیش ہوئے اور چوری شدہ موبائل فون اور دیگر سامان کی برآمدگی کے حوالے سے پیش رفت رپورٹ جمع کرائی۔ تفتیشی افسر نے کمیشن کو آگاہ کیا کہ واقعے میں ملوث ملزمان گرفتار ہو چکے ہیں، جن کے اعترافی بیان کی ویڈیو ریکارڈنگ بھی کمیشن کو فراہم کر دی گئی ہے۔ اس پر تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس قبیح حرکت کے مرتکب افراد سے کسی بھی قسم کی رعایت نہ برتی جائے اور انہیں قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ تحقیقاتی کمیشن کی مزید کارروائی اگلی سماعت تک ملتوی کر دی گئی۔

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، بلال کاکڑ

21 اکتوبر کو لاہور میں بلوچستان اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم 2026 کا انعقاد ہوگا

لاہور (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے پرعزم ہیں 21 اکتوبر کو لاہور میں ایف پی سی سی آئی کے اشتراک سے بلوچستان اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم 2026 کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کا مقصد بلوچستان میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کرنا، ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کی توجہ حاصل کرنا اور کاروباری برادری کے ساتھ روابط کو مضبوط بنانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں ایف پی سی سی آئی کے ریجنل چیئرمین اور نائب صدر ذکی اعجاز کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہو رہی ہے سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کی بدولت دہشت گرد پسپا ہو رہے ہیں، گزشتہ ماہ میں دہشتگردوں کے خلاف جو کارروائیاں کی گئیں ان کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی، بلوچستان قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور سرمایہ کاری کے وسیع امکانات سے مالا مال ہے صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کی معاشی ترقی، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی پر توجہ دی جا رہی ہے۔ معدنیات، زراعت، لائیو اسٹاک، ماہی گیری، توانائی، سیاحت اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ اس موقع پر ذکی اعجاز نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اور ایف پی سی سی آئی کے اشتراک کو اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ سرکاری اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر تعاون سے صوبے کی معاشی صلاحیت کو بروئے کار لانے اور پائیدار ترقی کی راہ ہموار کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 OCT 2026

Page No. 12

قائمہ کمیٹی کا بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 پر تفصیلی غور

ماہی گیری سے متعلق قوانین جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی سفارشات

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ماہی گیری کا اجلاس چیئرمین کمیٹی مولانا ہدایت الرحمٰن کی زیر صدارت ہوا جس میں اراکین ظہور احمد بلیدی، عبدالمجید بادینی اور سید ظفر علی آغا نے شرکت کی، سیکرٹری صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری فشریز طارق قمر بلوچ، اسپیشل سیکرٹری عبدالرحمٰن اور ڈپٹی سیکرٹری قانون احسان برکت بھی اجلاس میں شریک تھے شرکائے بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 پر تفصیلی غور کیا گیا۔ بل کا بنیادی مقصد صوبے میں ماہی گیری اور اس کے شعبوں سے متعلق موجودہ قانونی ڈھانچے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا، وسائل کے پائیدار استعمال کو یقینی بنانا اور متعلقہ اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور موثر انتظامی نظام قائم کرنا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان میں ماہی گیری، فشریز ہاربرز اور ساحلی ترقی سے متعلق مروجہ قوانین جن میں بلوچستان فشریز آرڈیننس 1961، بلوچستان کی فشریز آرڈیننس 1971، پسنی فشریز ہاربر اتھارٹی آرڈیننس 1983 اور بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 1998 شامل ہیں وقت گزرنے کے ساتھ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے متقاضی ہیں ان قوانین میں موجودہ قانونی و انتظامی پیچیدگیوں اور ادارہ جاتی اختیارات کے باعث ایک مربوط اور موثر قانونی نظام کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ بلوچستان کے وسیع ساحلی وسائل اور ماہی گیری کے شعبے کی اہمیت کے پیش نظر ان وسائل کا تحفظ، پائیدار ترقی، موثر نگرانی اور بہتر انتظام ناگزیر ہے۔

قلات: ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کا آر ٹی سی کا دورہ

قلات (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے ریکروٹ ٹریننگ سینٹر قلات کا تفصیلی دورہ کیا جہاں ایس پی آر ٹی سی ارشاد احمد کولہ نے اپنے اسٹاف کے ہمراہ ان کا استقبال کیا اس موقع پر آر ٹی سی کے چاق و چوبند دستے نے ڈپٹی کمشنر کو سلامی پیش کی دورے کے موقع پر سی ایل آئی انسپکٹر عبدالعزیز محمد حسنی، ایس آئی جمیل احمد شاہوانی، سی ڈی آئی ظفر اللہ، اے ایس آئی حاجی خان، اے ایس آئی عبدالحمید اور دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے ایس پی آر ٹی سی ارشاد احمد کولہ نے ڈپٹی کمشنر کو سینٹر کے مختلف شعبہ جات، پریڈ گراؤنڈ، کلاس رومز، کینٹین، میس اور دفاتر کا دورہ کرایا اور دستیاب سہولیات، تربیتی سرگرمیوں اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے تربیت حاصل کرنے والے پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی جاری تربیتی کورس سے متعلق تبادلہ خیال کیا اور ان کے مسائل دریافت کیے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا یونیورسٹی ای کامرس و آئی ٹی لیب کا دورہ

منصوبے پر جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ، کام معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے بلوچستان یونیورسٹی میں زیر تعمیر جدید ای کامرس و انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) لیب کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری تعمیراتی و تکمیلی کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے لیب کی تعمیر، دستیاب سہولیات اور منصوبے کی پیش رفت کا معائنہ کیا۔ جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب کی تعمیر کا کام آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے، جس کی تکمیل سے طلبہ کو جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور عملی تربیت کے بہتر مواقع میسر آنے کی توقع ہے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے لیب کی تعمیر و تکمیل کے مختلف امور کا جائزہ لیتے ہوئے منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کا مشاہدہ کیا انہوں نے اس امر پر توجہ دی کہ منصوبے کے تحت فراہم کی جانے والی سہولیات معیاری ہوں اور تعمیراتی کام کو مقررہ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے منصوبے کی بروقت تکمیل اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے جاری کام کی نگرانی کو بھی اہم قرار دیا گیا جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب کا قیام طلبہ کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور انہیں انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل تجارت اور جدید کاروباری طریقوں سے روشناس کرانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے اس لیب کے ذریعے طلبہ کو اپنی تعلیمی معلومات کو عملی مہارتوں میں تبدیل کرنے، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو سمجھنے اور ای کامرس کے شعبے میں جدید طریقہ کار سے آگاہی حاصل کرنے کے بہتر مواقع فراہم کیے جاسکیں گے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل کے بعد لیب کو تعلیمی و عملی سرگرمیوں کے لیے استعمال میں لانے سے طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی اور ای کامرس کے شعبے میں اپنی صلاحیتیں نکھارنے کے مواقع میسر آنے کی توقع ہے۔

MASHRIQ QUETTA

بی ٹیوٹا اور بی آر ایس پی میں اشتراک 25 ہزار نوجوانوں کو سالانہ فنی تربیت دی جائے گی

بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کا منصوبہ، ملکی و عالمی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر سکھائے جائیں گے

ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر سے بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید کی ملاقات میں مشترکہ حکمت عملی پر غور کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر صوبے کے نوجوانوں کو بااختیار، ہنرمند اور خود کفیل بنانے کے لیے ایک اہم اور عملی پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اس سلسلے میں بلوچستان ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) کے درمیان ایک اعلیٰ سطحی ملاقات منعقد ہوئی، جس میں بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید اور ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر نے ملاقات کی۔ اس ملاقات کے دوران دونوں اداروں نے باہمی اشتراک اور مشترکہ لائحہ عمل کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کی فلاح و بہبود اور ان کے لیے روزگار کے پائیدار مواقع پیدا کرنے پر مکمل اتفاق کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق یہ طے پایا کہ سالانہ بنیادوں پر صوبے کے 25000 نوجوانوں کو مختلف مارکیٹ کے مطابق جدید فنی اور پیشہ ورانہ ہنر سکھائے جائیں گے تاکہ انہیں باوقار طریقے سے برسر روزگار بنایا جا سکے۔ ملاقات میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ نوجوانوں کو صرف مقامی سطح تک محدود رکھنے کے بجائے ملکی اور بین الاقوامی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنرمند بنایا جائے گا تاکہ وہ صوبے اور ملک کی معاشی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ اس مقصد کے لیے بی ٹیوٹا کے فنی و تکنیکی وسائل اور بی آر ایس پی کے وسیع کمیونٹی نیٹ ورک کو یکجا کر کے دور دراز علاقوں کے مستحق اور باصلاحیت نوجوانوں تک رسائی حاصل کی جائے گی۔ دونوں اداروں کے سربراہان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ یہ شراکت داری بلوچستان کی معاشی خوشحالی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوگی۔

گوادر، پاک چین اشتراک سے شہزاد اینڈ شاد فارم کی بنیاد رکھی گئی

منصوبے کو سرمایہ کاری، زرعی و غذائی شعبے کی ترقی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے

گوادر (خ ن) گوادر فری زون میں پاکستانی اور چینی سرمایہ کاروں کے اشتراک سے شہزاد اینڈ شاد فارم کی بنیاد رکھی گئی منصوبے کو گوادر میں سرمایہ کاری، زرعی و غذائی شعبے کی ترقی اور مقامی نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ سنگ بنیاد تقریب میں سیکرٹری وزارت بحری امور کیپٹن (ر) محمد ......

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

خرم آغا، چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ، پارلیمانی سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان نسیم الحق ملاخیل، رکن پنجاب اسمبلی تحسین فواد، چیرمین چائنا اوورسیز پورٹ ہولڈنگ کمپنی مسٹر یو بو، چیئرمین ضلع کونسل گوادر شے مختار بلوچ، کاروباری شخصیات، وکلا، صحافیوں، طالبات، اساتذہ اور چینی شہریوں نے شرکت کی۔ سنگ بنیاد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری وزارت بحری امور کیپٹن (ر) محمد خرم آغا نے شہزاد اینڈ شاد فارم کی انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پاکستانی اور چینی سرمایہ کاروں کی یہ شراکت داری دونوں ممالک کی دوستی کا عملی مظہر ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ منصوبے سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، مقامی افراد کی فنی مہارتوں میں اضافہ ہوگا اور نئی مصنوعات کو بین الاقوامی منڈیوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 28 OCT 2026 Page No. 13

جماعت اسلامی الخدمت فاؤنڈیشن خوشیاں بانٹ رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

ہمیں تعصب، نفرت اور فرقہ واریت کی بجائے محبت، رواداری اور اخلاص کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، صوبائی امیر

ہماری جدوجہد کا مقصد انسانیت کی خدمت، محروم طبقات کی مدد اور معاشرے میں امن اور بھائی چارے کو فروغ دینا ہے

انسانیت کا رشتہ سب سے بلند، مذہب الگ لیکن احترام کا رشتہ ہم سب کو آپس میں جوڑتا ہے، دیوالی کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن اقلیتوں سمیت معاشرے کے تمام غریب، مستحق اور ضرورت مند افراد کی بلاامتیاز خدمت کر رہے ہیں۔ ہم غم سمیٹنے اور خوشیاں بانٹنے والے لوگ ہیں۔ ہماری جدوجہد کا مقصد انسانیت کی خدمت، محروم طبقات کی مدد اور معاشرے میں محبت، اخوت، امن اور بھائی.........

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

چارے کو فروغ دینا ہے انسانیت کا رشتہ ہر رشتے سے بلند ہے، مذہب الگ ہو سکتے ہیں لیکن انسانیت، محبت اور احترام کا رشتہ ہم سب کو آپس میں جوڑتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں ہندو برادری کے مندر میں دیوالی کے موقع پر الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کی جانب سے منعقدہ تقریب میں تحائف اور راشن تقسیم کرتے ہوئے کیا تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر عبدالمجید سربازی سمیت مسلم، عیسائی اور ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے سماجی و سیاسی کارکنان نے شرکت کی۔ اس موقع پر ہندو برادری کے مستحق اور ضرورت مند خاندانوں کے ساتھ خوشیاں بانٹنے کیلئے خصوصی تقریب منعقد کی گئی، جس میں سینکڑوں خاندانوں میں راشن اور تحائف تقسیم کیے گئے۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ وطن ہے اور اس کی ترقی خوشحالی، امن اور استحکام کیلئے تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہریوں کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔

قومی زبانیں بلوچستان میں بسنے والی اقوام کی شناخت ہیں، پشتونخوانیپ

قومی زبانوں، اکیڈمیز اور ادبی سوسائٹیز بل قابل تشویش، فی الفور واپس لیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے صوبائی اسمبلی میں مجوزہ "قومی زبانوں، اکیڈمیز اور ادبی سوسائٹیز بل 2026" پیش کرنے کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے مطالبہ کیا گیا ہے کہ مذکورہ بل کو فی الفور واپس لیا جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتو، بلوچی، براہوی اور ہزارگی سمیت تمام قومی زبانیں یہاں کے عوام کی قومی شناخت، تاریخی ورثے، تہذیبی تسلسل اور اجتماعی شعور کی بنیادی علامتیں ہیں ان زبانوں کی ترقی، ترویج اور تحفظ کیلئے قائم ادبی اکیڈمیوں کی خودمختاری اور علمی و ادبی آزادی کا احترام کرنا.........

بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کی آئینی، جمہوری اور قومی ذمہ داری ہے۔ کسی بھی قانون کے ذریعے ان اداروں کو سرکاری بیوروکریسی کے ماتحت کرنے اور ان کی تخلیقی آزادی محدود کرنے کی کوشش قابل قبول نہیں ہوگی۔ پارٹی نے کہا کہ قومی زبانیں محض اظہار و ابلاغ کا ذریعہ نہیں بلکہ قوموں کی تاریخ، ثقافت، روایات، لوک دانش، اجتماعی تجربات اور فکری ارتقا کی امین ہوتی ہیں۔ ان زبانوں کے ذریعے قومیں اپنا تاریخی شعور نئی نسلوں تک منتقل کرتی ہیں اور اپنی تہذیبی شناخت کو محفوظ رکھتی ہیں۔

JANG QUETTA

منفی حربوں اور کردار کشی سے جدوجہد کمزور نہیں ہوگی، بی این پی

سردار اختر مینگل نے ہمیشہ حق اور انسانی حقوق کیلئے دوٹوک موقف اپنایا، آغا حسن بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بی این پی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل اور بی این پی کے خلاف سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈا، جعلی آئی ڈیز کے ذریعے زہرافشانی اور کردار کشی قابل مذمت ہے منفی حربوں کا مقصد پارٹی کے اصولی موقف اور جدوجہد کو کمزور کرنا ہے جو کبھی کامیاب نہیں ہوں گے پارٹی نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے قومی حقوق، خواتین کے مسائل، لاپتہ افراد کی بازیابی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے غیر متزلزل جدوجہد کی ہے اور ہر فورم پر بلوچستان کے عوام کی آواز بلند کی ہے پارٹی نے بلوچ اور بلوچستانی عوام کے حقوق کی حقیقی اور عملی جدوجہد ہمیشہ کی ہے یہ اکیسویں صدی ہے، لوگ باشعور ہیں اور سوشل میڈیا کا دور ہے، عوام حقائق سے بخوبی آگاہ ہیں، جھوٹے پروپیگنڈے اور سازشوں کے ذریعے کسی سیاسی جماعت کو عوام سے دور نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اس کی طویل سیاسی و قربانی جدوجہد کو کمزور کیا جا سکتا ہے، بی این پی نے کبھی ظلم و زیادتیوں پر خاموشی اختیار نہیں کی اور ہمیشہ حق، سچائی، جمہوریت اور انسانی حقوق کے لیے دوٹوک موقف اپنایا ہے، پارٹی قیادت اور کارکن واضح کرتے ہیں کہ وہ سردار اختر مینگل کی قیادت میں بلوچستان کے عوام اور بلوچ قوم کے حقوق کے لیے جاری جدوجہد سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے اور کسی پروپیگنڈے سے مرعوب ہوئے بغیر اپنی سیاسی و جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے۔

INTEKHAB QUETTA

ولید صالح بلوچ کے قاتلوں کی عدم گرفتاری باعث تشویش، نیشنل پارٹی

قاتلوں کو قانون کے کٹہرے میں لانے میں تاخیر سمجھ سے بالاتر ہے، مرکزی ترجمان علی احمد لانگو

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو نے شہید ولید صالح بلوچ کی پہلی برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شادی سے محض چند روز قبل ولید جان کی شہادت ایک المناک سانحہ تھا، لیکن ایک سال گزرنے کے باوجود قاتلوں کی عدم گرفتاری اور تحقیقات میں پیش رفت نہ ہونا اس سانحے کو مزید تشویشناک بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی شہری کا قتل

بقیہ نمبر 37 صفحہ 5 پر

اور اس کے ذمہ داروں کا قانون کی گرفت سے باہر رہنا ریاستی ذمہ داریوں اور انصاف کے نظام پر سنجیدہ سوال ہے۔ شہید ولید صالح بلوچ کے اہل خانہ ایک سال سے انصاف کا منتظر ہے مگر اب تک یہ واضح نہیں ہو سکا کہ اس سفاکانہ قتل کے پس پردہ کون سے عناصر تھے اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لانے میں تاخیر کیوں کی جا رہی ہے۔ علی احمد لانگو نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایسے واقعات پر خاموش نہیں رہ سکتی۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائے اور سیاسی و سماجی کارکنوں کے خلاف تشدد کے واقعات میں ملوث عناصر کو بلاتفریق قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہید ولید صالح بلوچ کے قتل کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات مکمل کر کے قاتلوں اور ان کے سہولت کاروں کو فوری گرفتار کیا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 20 OCT 2026 Page No. 14

قلات میں فورسز کی کارروائی 4 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ و گولہ بارود برآمد، گوادر میں آئی ای ڈی دھماکہ، پاک فوج کا میجر شہید

قلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا، چاروں دہشت گرد موقع پر ہلاک، قبضے سے بھاری تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کر لیا گیا، سیکیورٹی حکام

گوادر کے علاقے شادی کور میں کلیئرنس آپریشنز کے دوران سکیورٹی فورسز کے دستے کو آئی ای ڈی سے نشانہ بنایا گیا، میجر وجاہت وحید نے جام شہادت نوش کیا، آئی ایس پی آر

بلوچستان میں دہشت گردوں کیخلاف کارروائیاں قابل ستائش، میجر وجاہت وطن عزیز کے امن کیلئے جان نچھاور کر کے ہمیشہ کے لیے امر ہو گئے، صدر زرداری، وزیراعظم شہباز شریف

کوئٹہ ، اسلام آباد (سٹی رپورٹر، زاہد احمد خان) بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں سکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ پاک فوج کے میجر وجاہت وحید شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 18 اکتوبر کو قلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا۔ آپریشن میں 4 دہشتگرد ہلاک ہوئے جن کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحے اور گولہ بارود برآمد کر لیا گیا۔ سکیورٹی فورسز نے گوادر کے علاقے شادی کور میں کلیئرنس آپریشنز کے دوران سکیورٹی فورسز کے دستے کو آئی ای ڈی سے نشانہ بنایا گیا آئی ای ڈی کے دھماکے کے نتیجے میں میجر وجاہت وحید نے جام شہادت نوش کیا۔ شہید میجر وجاہت وحید کی عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، علاقے میں موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشنز جاری رہیں گے۔ سکیورٹی فورسز نے عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کیخلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے بتایا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے گوادر کے علاقے شادی کور میں کلیئرنس آپریشن کا......

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سلسلہ شروع کیا، جس کے دوران سکیورٹی فورسز کے دستے کو آئی ای ڈی سے نشانہ بنایا گیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ آئی ای ڈی کے دھماکے میں میجر وجاہت وحید نے جام شہادت نوش کیا، جن کی عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری رہیں گے۔ سکیورٹی فورسز نے جنگ آباد میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ سکیورٹی فورسز نے عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ صدر آصف زرداری نے بلوچستان میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ آصف زرداری نے وطن کے دفاع کیلئے میجر وجاہت وحید کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا۔ صدر مملکت نے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں اور سہولت کاروں کی سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بھی بلوچستان میں دہشتگردوں کیخلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کارروائی میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید نے ملکی حفاظت کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، قوم کو بہادر سپوت پر فخر ہے۔ وزیراعظم نے شہید میجر کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار اور درجات کی بلندی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔

پنجگور، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پنجگور میں نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر کے 3 افراد کو زخمی کر دیا جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے سنار چوک پر نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار 3 افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

قلات: کرنٹ لگنے سے کیسکو ملازم ہلاک

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قلات کے علاقے میں کرنٹ لگنے سے کیسکو کا ملازم ہلاک نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز قلات میں کیسکو کا ملازم محلہ کوم میں بجلی ٹھیک کر رہا تھا کہ کرنٹ لگنے سے ہلاک ہو گیا جس کی شناخت رحمت اللہ کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

واشک سے 2 نعشیں برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) واشک کے علاقے سے 2 افراد کی نعشیں ملیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز واشک ارباکے کے علاقے سے 2 افراد کی نعشیں ملیں شناخت نعیم اور مجید سکنہ خیرپور سندھ کے نام سے کی گئی نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

زیارت، ڈرون حملے میں چرواہا جاں بحق، 2 افراد زخمی

اطلاع ملتے پولیس اور سیکورٹی فورسز موقع پر پہنچ گئیں، نعش، زخمی ہسپتال منتقل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) زیارت کے علاقے میں ڈرون حملے میں چرواہا جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز زیارت کے علاقے اندر......

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

گی میں چرواہے مال مویشی چرا رہے تھے کہ ان پر ڈرون حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں ایک چرواہا جان کی بازی ہار گیا اور 2 زخمی ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملتے پولیس اور سیکورٹی فورسز موقع پر پہنچ گئیں زخمیوں اور نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

جھل مگسی، تھانہ کوٹڑہ کی حدود سے گن پوائنٹ پر 2 افراد اغواء

عرفان علی دیناری اور عطاء اللہ دیناری شامل، پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے تلاش شروع کر دی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے کوٹڑہ گنداواہ روڈ پر مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر دو افراد کو اغواء کر کے ساتھ لے گئے پولیس کے مطابق سوموار کو ضلع جھل مگسی پولیس تھانہ کوٹڑہ کی حدود گنداواہ کوٹڑہ روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر کوٹڑہ سے کماری جاتے ہوئے دو نوجوانوں عرفان علی دیناری اور عطاء اللہ دیناری کو اغواء کر......

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کے اپنے ساتھ لے گئے واقعے کی اطلاع پر مقامی بڑی تعداد میں جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور پورے علاقے کی ناکہ بندی کر کے مغویاں کی بازیابی اور اغواء کاروں کی تلاش شروع کر دی گئی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 20 OCT 2026 Page No. 15

خاتون رہنما کی زیر نگرانی بی وائی سی اور پھر کالعدم بی ایل اے کا رکن بنا، جلال کے اعترافات

[illegible]

[illegible]

MASHRIQ QUETTA

کوئٹہ' نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص ہلاک

نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے' مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز عبداللہ ہر گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہلاک ہو گیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

نوشکی' شہر میں 2 دھماکوں اور فائرنگ کی آوازیں

سیکورٹی فورسز کی جانب سے شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

نوشکی (آن لائن) نوشکی شہر میں دو دھماکوں اور فائرنگ کے آوازیں سنی گئیں، عوام میں خوف وہراس پھیل گیا، فائرنگ وراکٹ دھماکوں کے خوف سے شہر میں دکانیں بند ہو گئیں اور بازار میں بھگدڑ، دیکھتے ہی دیکھتے پورا بازار بند ہونا شروع ہو گیا، پولیس کے مطابق فائرنگ واقعات سے تاہم کوئی جانی ومالی نقصانات کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی جبکہ دوسری جانب سیکورٹی فورسز نے فائرنگ واقعہ کے بعد شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر سیکورٹی سخت کر دی ہے، ڈھیسار نالے میں مغربی بائی پاس پر سیکورٹی بڑھا دی گئی۔۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 20 OCT 2026 Page No. 16

نوکنڈی آوارہ کتوں کی بہتات، متعلقہ حکام کی خاموشی برقرار

شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی تعداد سے بچوں، خواتین اور بزرگوں کی آمد و رفت مشکل، اسکول جانے والے بچوں کی سلامتی بھی خطرے میں

آوارہ کتوں کی آزادانہ نقل و حرکت سے رہائشی محلوں، بازاروں اور تعلیمی اداروں کے راستوں پر شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا

بار بار نشاندہی کے باوجود یونین کونسل کے چیئرمین، سیکرٹریز اور متعلقہ حکام نے مسئلے کے حل کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے، عوامی حلقے

نوکنڈی (آن لائن) شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ صورتحال اس قدر تشویش ناک ہو چکی ہے کہ دن ہو یا رات، خواتین، بچوں، بزرگوں اور عام شہریوں کا گھروں سے باہر نکلنا خطرے سے خالی نہیں رہا۔ خصوصاً اسکول جانے والے معصوم بچوں اور بچیوں کی جانوں کو شدید خطرات لاحق ہیں، جنہیں روزانہ تعلیمی اداروں تک آنے جانے کے دوران آوارہ کتوں کے حملوں کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں کے مطابق نوکنڈی میں عرصہ ؟ دراز سے آوارہ کتوں کی بہتات کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، لیکن افسوس کہ متعلقہ حکام کی جانب سے اس اہم عوامی مسئلے کے حل کے لیے تاحال کوئی مؤثر اور عملی اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ مختلف سیاسی و سماجی شخصیات اور عوامی حلقے مسلسل اپنے بیانات کے ذریعے یونین کونسل کے چیئرمین اور سیکرٹریز سمیت متعلقہ ذمہ داران سے اپیل کرتے آ رہے ہیں کہ شہر کو آوارہ کتوں سے پاک کرنے کے لیے فوری اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، مگر بار بار توجہ دلانے کے باوجود مسئلہ جوں کا توں برقرار ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، لیکن نوکنڈی کے عوام اس بنیادی سہولت سے بھی محروم دکھائی دیتے ہیں۔

خضدار محلہ نوا میں چوروں کا راج، شہری دوہری اذیت کا شکار

بجلی کی مین لائن کی تاریں ایک ہفتے بعد دوبارہ چوری، محلہ نوا تاریکی میں ڈوب گیا، مکینوں کی مشکلات میں مزید اضافہ

علاقے میں موٹر سائیکل چوری اور گھروں میں ڈکیتی کی وارداتیں بڑھ گئیں، شہریوں نے عدم تحفظ پر شدید تشویش کا اظہار کیا

بجلی کی بندش سے بچے گرمی میں پریشان، خواتین اندھیروں میں محصور، مریض بنیادی سہولت سے محروم، اہل محلہ شدید مشکلات سے دوچار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کے یو سی جعفر آباد کے نواحی محلہ نوا کے مکین دوہری اذیت میں مبتلا ایک طرف واپڈا کی خاموشی اور دوسری طرف چوروں کا راج رات کی تاریکی میں نامعلوم چور محلہ نوا کی بجلی کی تاریں کاٹ کر اپنے ساتھ لے گئے جس کے بعد پورا علاقہ تاریکی میں ڈوب گیا اہل محلہ کے مطابق یہ پہلا واقعہ نہیں ایک ہفتہ قبل بھی جعفر آباد نوا سی کو بجلی فراہم کرنے والی مین لائن کی تاریں کھتان ایریا سے چوری کر لی گئی تھی تاروں کی چوری کے ساتھ ساتھ علاقے میں موٹر سائیکل چوری اور گھروں میں ڈکیتی کی وارداتوں میں بھی خوفناک حد تک اضافہ ہو چکا بجلی سے محرومی اور چوری کی وارداتوں نے اہل محلہ کو شدید ذہنی و جسمانی اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے مکینوں نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اب سمجھ نہیں آ رہا کہ ہم چوروں کے خلاف ایف آئی آر درج کرائیں یا واپڈا والوں کے خلاف احتجاج کریں معصوم بچے گرمی سے بلک رہے ہیں خواتین اندھیروں میں محصور اور مریض بنیادی سہولت سے محروم ہیں اہل محلہ نے کمشنر قلات ڈویژن ڈپٹی کمشنر خضدار اور ایس ایس پی خضدار سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر بجلی بحال کر کے اہل محلہ کو تحفظ فراہم کیا جائے بصورت دیگر اہل محلہ سخت احتجاج پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

خضدار: ماڈل اسکول بنیادی سہولیات سے محروم، طلبہ مشکلات کا شکار

اسکول کی خستہ عمارت، خطرناک چھت، پانی کی عدم دستیابی اور اساتذہ کی قلت

آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کا اسکول کی بحالی اور خصوصی فنڈز جاری کرنے کا مطالبہ

خضدار (بیورو رپورٹ) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ کی سربراہی میں کمیٹی کے اراکین نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول خضدار کا دورہ کیا۔ وفد میں جنرل سیکرٹری مولانا محمد اسحاق شاہوانی، حاجی محمد اقبال لانگو، جمعہ خان شکرانی، میر اشرف علی مینگل، انجینئر وسیم زہری اور ممتاز احمد شامل تھے۔ اسکول پہنچنے پر ہیڈ ماسٹر رحمت اللہ بلوچ نے وفد کا استقبال کیا اور اسکول کے مختلف حصوں کا دورہ کرایا۔ ہیڈ ماسٹر نے وفد کو اسکول کو درپیش مسائل سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ گورنمنٹ بوائز ہائی ماڈل اسکول خضدار کی قدیم ترین تعلیمی درسگاہوں میں سے ایک ہے جو کئی دہائیاں قبل تعمیر کی گئی تھی۔ اب اس کی بلڈنگ مکمل طور پر خستہ حال ہو چکی ہے۔ دیواروں میں دراڑیں پڑ چکی ہیں، ہال کی چھت انتہائی خستہ حالت میں ہے اور کسی بھی وقت گر سکتی ہے جس سے طلباء کی جانوں کو خطرہ ہے۔ گراؤنڈ کی حالت بھی انتہائی خراب ہے جہاں بچے کھیل بھی نہیں سکتے۔ اسکول میں اس وقت تیرہ سو طلباء زیر تعلیم ہیں۔ یہ ادارہ 2017 سے انگلش میڈیم کے طور پر کام کر رہا ہے۔ اس کے لیے ستائیس ٹیچنگ پوسٹیں منظور شدہ ہیں لیکن ٹیچرز کی شدید کمی ہے جس کی وجہ سے تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں۔ اس کے علاوہ اسکول میں واٹر سپلائی کا کوئی نظام موجود نہیں ہے، طلباء اور اساتذہ پینے کے پانی سے بھی محروم ہیں۔ ایف اے اور بی اے کے امتحانات کے دوران بھی خستہ حال بلڈنگ کی وجہ سے شدید مشکلات پیش آتی ہیں۔ ہیڈ ماسٹر رحمت اللہ بلوچ نے آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے تمام اراکین کا شکریہ ادا کیا کہ وہ یہاں تشریف لائے اور اسکول کے مسائل کو بغور سنا اور دیکھا۔ اس موقع پر چیئرمین آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ ہم ہیڈ ماسٹر رحمت اللہ بلوچ کے شکر گزار ہیں کہ جنہوں نے ہمیں تفصیلی بریفنگ دی۔ آج ہم نے تمام مسائل کو خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی کی بنیاد ہے اور تعلیم پر خصوصی توجہ دینے کی اشد ضرورت ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ خضدار شہر کے بیچ میں واقع تعلیمی اداروں پر توجہ کی کمی ہے۔ گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول خضدار شہر کے بالکل وسط میں واقع ہے، کئی دہائیوں پرانا تاریخی ادارہ ہے جس میں 1300 طلباء پڑھ رہے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 20 OCT 2026 Page No. 17

کلی لوہڑ کاریز میں بنیادی سہولیات کا فقدان، عوام پانی و صفائی سے محروم

پانی کی قلت، ٹینکر و زرنگ مافیا کا راج، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار، صفائی و اسٹریٹ لائٹس کا نظام بھی ناقص

کوئٹہ (انتخاب سروے) کلی لوہڑ کاریز، حلقہ پی بی 44 کا گنجان آباد علاقہ، گزشتہ کئی برس سے بنیادی سہولیات سے محروم ہے، علاقہ مکین 4 سال سے پینے کے پانی کی عدم دستیابی کے باعث ٹینکر اور زرنگ مافیا کے رحم و کرم پر ہیں، جبکہ صفائی کا نظام درہم برہم، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار اور متعدد گلیاں ات کے وقت تاریکی میں ڈوب جاتی ہیں۔ فصیلات کے مطابق کلی لوہڑ کاریز میں اکثریت ریب اور مزدور طبقے کی ہے، تاہم علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ منتخب نمائندوں کی جانب سے علاقے کے مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے جا رہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق اگر منتخب نمائندوں کا دورہ ہوتا بھی ہے تو انہیں مخصوص علاقوں تک محدود رکھا جاتا ہے، جس کے باعث علاقے کی اصل ورتحال ان کی نظروں سے اوجھل رہتی ہے۔ مکینوں ے مطابق سٹریٹ لائٹس بھی ضرورت کے مطابق ے علاقے میں نصب کرنے کے بجائے مخصوص مات تک محدود ہیں۔ دوسری جانب بی این پی کے منتخب نمائندے احمد نواز بنگلزئی کی کاوشوں سے واسا کے دو ٹیوب ویلز بور کیے گئے جو کامیاب بھی ہوئے، تاہم تاحال فعال نہیں ہو سکے۔ مکینوں کے مطابق ٹیوب ویلز کے لیے دو سال بعد پائپ نصب کیے گئے اور مزید دو سال بعد کمرے تعمیر کیے گئے، مگر اس کے باوجود پانی کی فراہمی شروع نہیں ہو سکی۔ علاقے میں صفائی کی صورتحال بھی ابتر ہے، بالخصوص سکول والی گلی کی نالیاں کچرے سے بھری پڑی ہیں، جہاں سے اساتذہ اور طلبہ روزانہ گزرتے ہیں، جبکہ رات کے وقت یہی گلی گھپ اندھیرے میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ عوامی حلقوں نے پیپلز پارٹی کے ذمہ داران سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ گلی کی نالیوں کو پائپ کے ذریعے بند کر کے صفائی اور نکاسی آب کا نظام بہتر بنایا جائے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ منتخب نمائندے کو علاقے کے ان بنیادی مسائل سے آگاہ کیا جائے اور پی بی 44 کے منتخب نمائندے کلی لوہڑ کاریز کا دورہ کر کے عوامی مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 20 OCT 2026 Page No. 18

بلوچستان میں دہشت گردی کا چیلنج اور قومی یکجہتی کی ضرورت

بلوچستان پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے، جو قدرتی وسائل، معدنی ذخائر، جغرافیائی اہمیت اور معاشی امکانات کے اعتبار سے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ تاہم بدامنی، دہشت گردی اور عوام کے جان و مال کو لاحق خطرات صوبے کی ترقی کی راہ میں مسلسل رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ حالیہ دنوں میں کوئٹہ، تو تکی اور خضدار میں سکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران آٹھ دہشت گردوں کی ہلاکت ایک اہم پیش رفت ہے۔ دوسری جانب خضدار کے علاقے نال میں ماربل فیکٹری پر حملہ اور 18 مزدوروں کا اغوا اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورت حال اب بھی سنجیدہ توجہ کی متقاضی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 17 اکتوبر کو کوئٹہ کے علاقے پنج پائی میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک پر رکاوٹیں کھڑی کرنے کی کوشش ناکام بنائی گئی۔ کارروائی کے دوران پانچ دہشت گرد ہلاک ہوئے اور ان کا ٹھکانہ تباہ کر دیا گیا۔ شدید فائرنگ کے تبادلے میں مزید دو دہشت گردوں کی ہلاکت کی اطلاع بھی دی گئی، جبکہ اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ خضدار میں ایک الگ کارروائی کے دوران بھی ایک دہشت گرد مارا گیا۔ حکام نے ان عناصر کو بھارتی سرپرستی میں سرگرم تنظیم فتنۃ الہندوستان سے وابستہ قرار دیا ہے۔ ان دعوؤں کی آزادانہ تصدیق اپنی جگہ اہم ہے، تاہم دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائی اور شہریوں کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کو سراہنا اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ قومی سلامتی کے معاملے پر ریاستی اداروں کی کوششوں کی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ اطلاعات کے مطابق حملے میں راشد نامی ایک مزدور فائرنگ سے زخمی ہوا، جبکہ حملہ آور دو گاڑیاں اور ایک لوڈر بھی لے گئے۔ محنت کش افراد اپنے خاندانوں کی کفالت کے لیے روزگار اختیار کرتے ہیں۔ انہیں اغوا کرنا، زخمی کرنا یا ان کی روزی کے ذرائع کو نقصان پہنچانا نہ صرف انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ صوبے کی معاشی سرگرمیوں پر بھی منفی اثر ڈالتا ہے۔ ان مزدوروں کی بحفاظت بازیابی، زخمی شخص کو مناسب طبی امداد اور متاثرہ خاندانوں کو فوری مدد فراہم کرنا اولین ترجیح ہونی چاہیے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 OCT 2026 Page No. 13

Skills development for youth

Youth are the most valuable asset of any nation, and their empowerment is essential for sustainable economic growth, social stability and prosperity. In Balochistan, where unemployment, poverty and limited economic opportunities remain major challenges, providing young people with employment, entrepreneurship and skills development opportunities should be among the government's foremost priorities. The province has enormous potential, but its realization depends on investing in its human resources and enabling young people to become productive members of society.

Chairman of the Prime Minister's Youth Programme Rana Mashhood Ahmed Khan, while speaking at the Quetta Chamber of Commerce and Industry, assured that the government would extend full support to ensure a bright future for the youth. He said partnerships with the Balochistan Rural Support Programme (BRSP) and other institutions, including Samida, were being developed to improve employment, entrepreneurship and skills development opportunities. According to him, 900,000 young people have registered with the Prime Minister's Youth Hub, while 2,400 companies are also associated with the programme.

Balochistan's youth face particular difficulties because of inadequate educational facilities, limited technical training institutions, a weak industrial base and insufficient private-sector investment. Many edu ted young people struggle to secure jobs matching their qualifications, while those in remote districts often lack access to vocational training and career guidance. Consequently, a significant proportion of the province's human potential remains untapped.

The growing importance of artificial intelligence and modern technology offers a promising avenue for transforming the employment landscape. Young men and women in Balochistan should be equipped with digital literacy, information technology, e-commerce, freelancing and other marketable skills. Such training can enable them to access employment beyond their immediate localities and establish online businesses with relatively modest investment.

Entrepreneurship must also receive greater attention. Government-backed financing, business mentorship, simplified registration procedures and access to markets can encourage young people to establish small enterprises and start-ups. Collaboration between the Chamber of Commerce, educational institutions and development organizations can help identify viable business opportunities in agriculture, livestock, fisheries, mining, tourism and information technology.

Equally important is ensuring that opportunities reach deserving candidates transparently, including women and youth from remote districts. Training programmes must be linked with measurable employment outcomes rather than limited to certificates.The future of Balochistan depends on empowering its youth through practical skills, decent jobs and entrepreneurial opportunities.

CamScanner

INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 20 OCT 2026 Page No. 2

کوئٹہ شہر کا پھیلاؤ ناگزیر

[illegible]

☆☆